# Rampur State Gazette

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

| جلد ۳۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ محرم الحرام سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء | نمبر ۳۰ |
| --- | --- | --- |

### حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

بعد رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دربار منظوری استعفا بابو رام پرشاد ہیڈ کلرک دفتر سکریٹریشپ ہذا معہ سترہ روپیہ رخصتی جسکی میعاد ۱۳ جون سنہ ۱۹۲۶ء کو ختم ہوگئی وتقرر پچاس روپیہ ماہوار الاونس بابو ہندو لال تاتجویز ثانی بصلہ انجام دہی خدمت مستعفی از تاریخ ختم رخصت

فہرست مضامین

مستعفی و پانچ پانچ روپیہ الاونس برجیاسی لال ریکارڈ کیپر و ناصر علی خان نائب — 

بموجب رپورٹ رام پرشاد ہیڈ کلرک دفتر سکریٹریٹ مشاہرہ دار ستر روپیہ ماہانہ کا استعفا منظور ہے۔ بجائے ہیڈ کلرک مستعفی بنودی لال رجسٹرار دار الانشا سے تا تجویز ثانی علاوہ کام دار الانشا کے یہ کام بھی لیا جاوے اور انکو پچاس روپیہ ماہوار الاونس اس کام کا تاریخ اختتام رخصت رام پرشاد دیا جائے۔ بیس روپیہ کی بچت میں سے پانچ پانچ روپیہ ماہانہ الاونس جیاسی لال ریکارڈ کیپر اور ناصر علی خان نائب کا مقرر ہو۔ کاغذات بغرض اجراے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بغرض اجراے احکام صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۳ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر بنام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مع اسکے کہ جانشین سے سید عابد حسین کا تار آیا ہے کہ سید محمود الحسن صاحب مہتمم بندوبست کا ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۲۶ء کو انتقال ہوگیا۔

اعلیحضرت حضور پرنور نے ارشاد فرمایا ہے کہ خان بہادر خوشی محمد خان صاحب اس عہدہ کا بدستور کام انجام دیں

### حکم

بمنشاے ورود جناب صاحب چیف سکریٹری بہادر احکام ضابطہ جاری ہوں۔ خان بہادر چودہری خوشی محمد خان صاحب کو اطلاع دیجائے کہ تا صدور حکم ثانی بدستور کام انجام دیں۔ فیصلۂ مقدمات کے لئے ...

عطاے اختیارات کلکٹری مہتمم بندوبست عرضداشت اجلاس عالی میں ارسال کیجائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

## علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرمایئے۔ اور احباب کو دکھائیے۔

**قول شافی**۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ روپے

**التوحید**۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمیں خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ روپے

**العدل**۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہے جسمیں حق تعالے کی عدالت و حکمت سے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے قیمت ۱۲ روپے

**خصائص معاویہ**۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمیں اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۳ روپے

جسقدر نسخے مطلوب ہوں منصرم صاحب کتب خانۂ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمایئے۔

ذو الفقار حسنین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

(نقشہ بارش نہیں آیا)

## نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ چہارم جولائی ۱۹۲۶ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | | | | ۱۲ ا ر | | ۱۲ ا ر | دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔ |
| نخود خالص | | | | ۱۲ ا ر | | ۱۲ ا ر | |
| نخود کسر آمیز | | | | ۱۰ ا ر | | ۱۲ ا ر | |
| بسر | | | | . | | ۱۰ ا ر | |
| باستی | | | | ۱۴ ا ر | | ۱۴ ا ر | |
| مونگ | | | | . | | ۳۰ ا ر | |
| مکا | | | | . | | ۲۴ ر | |
| جئی | | | | ۸ ا ر | | ۱۱ ا ر | |
| گوجئی | | | | ۱۰ ا ر | | ۱۲ ا ر | |
| مسور | | | | . | | ۹ ا ر | |
| ارہر | | | | . | | ۲ ا ر | |
| برنج | | | | ۱۲ ا ر | | ۱۰۴ ا ر | |
| روغن زرد | | | | - ۱۰۰ ا ر | | - ۱۰۰ ا ر | |
| روغن سیاہ | | | | ۱ ا ر | | ۱ ا ر | |
| روغن کنجد | | | | ۱۰ ا ر | | ۱ ا ر | |
| نمک سانبھر | | | | ۱ ا ر | | ۱۲ ا ر | |
| نمک لاہوری | | | | ۸ ا ر | | ۸ ا ر | |
| قند سیاہ | | | | ۴ ا ر | | ۴ ا ر | |
| اجسرہ | | | | . | | . | |